ilmkidunya

## Islamiat (Urdu Medium) - 5th Class Islamiat Chapter 1 Short Questions Test

Q1. اپ صلی اللہ علیہ وسلم کون سی دعا کثرت سے پڑھا کرتے تھے.

**Ans 1:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دعا کو کثرت سے پڑھا کرتے تھے.

---

Q2. ام القرآن کسےکہتے ہیں.

**Ans 1:** ام القرآن سورۃ الفاتحہ کو کہتے ہیں.

---

Q3. تمام قولی، فعلی، اور مالی عبادتیں کس کے لیے ہیں.

**Ans 1:** تمام قولی، فعلی، اور مالی عبادتیں اللہ تعالی کے لیے ہیں.

---

Q4. دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دعا لکھیں.

**Ans 1:** اے ہمارے رب! ہمیں دنیا اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا.

---

Q5. جو شخص گھر سے نکلتے ہوئے دعا پڑھے تو اس سے کیا کہا جائےگا.

**Ans 1:** تمہاری کفایت کردی گئی اور تم بچالیے گئے اور شیطان تم سے دور ہوگیا.

---

Q6. حدیث کسے کہتے ہیں.

**Ans 1:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قوم، فعل اور تقریر کو حدیث کہتے ہیں.

---

Q7. ایتہ الکرسی کس سورت کی أیت ہے.

**Ans 1:** آیتہ الکرسی سورہ البقرہ کی آیت ہے.

---

Q8. لاید خل الجنتہ قاطع کا ترجمہ.

**Ans 1:** رشتہ قطع کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا.

---

Q9. من غش فلیس منی کا ترجمہ.

**Ans 1:** ترجمہ : جو دھوکہ دہی کرے گا وہ مجھ میں سے نہیں ہے.

---

Q10. حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا لکھیں.

**Ans 1:** اے میرے رب ! مجھے نماز قائم رکھنے والا بنا اور میری اولاد سے بھی اے ہمارے رب اور میری دعا قبول فرمائے. اے ہمارے رب ! مجھے بخش دے اورمیرے ماں ،باپ کو اور ایمان والوں کو جس دن حساب قائم ہوگا.

---